© rasailojaraid.com

# رسید تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)۔ مجلس ادارت۔

اس بار موصول ہونے والے تحائف میں ایک تحفہ جناب پروفیسر ڈاکٹر حسن محمد خان صاحب کی کتاب ...... قرآنی دعائیں ...... ہے، اس کتاب کی خاص بات یہ ہے کہ مسنون دعائیں تو مارکیٹ میں عام مل جایا کرتی ہیں مگر انبیاء علیہم السلام کی مانگی ہوئی وہ دعائیں جو قرآن کریم میں مذکور ہیں، ان کا مجموعہ آسان اردو ترجمہ کے ساتھ کم دیکھنے میں آیا ہے...... جناب پروفیسر ڈاکٹر حسن محمد صاحب جو ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں صاحب سے فیض یافتہ ہیں نے یہ کتاب مرتب کر کے شائع کی ہے ...... کتاب کے صفحات ۹۶ ہیں اور قیمت ۲۵۰ روپے ہے...... رابطہ کا پتہ کتاب پر یوں درج ہے......
A-42 پریم ولاز فیز ۲ مین یونیورسٹی روڈ کراچی......

ایک اور تحفہ جناب مولانا آس محمد سعیدی صاحب کی کتاب ہے جو حضرت علامہ غلام رسول سعیدی کی شرح صحیح مسلم کا اشاریہ ہے جو الفبائی ترتیب سے مرتب کیا گیا ہے...... اشاریہ سازی ایک مشکل کام ہے اور فی زمانہ اس قسم کے کام میں ہر کوئی ہاتھ نہیں ڈالتا...... جناب آس محمد سعیدی صاحب جن کے تعارف میں پروفیسر عون محمد سعیدی صاحب نے نہایت کسر نفسی سے کام لیتے ہوئے لکھا ہے...... کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو صاحب بہار شریعت حضرت علامہ مولانا امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ کی شاندار خصوصیات کا حامل بنایا ہے...... جناب آس محمد سعیدی صاحب نے ۲۵ سے زائد علماء واحباب کی معاونت سے یہ اشاریہ مرتب کر کے شرح اور شارح صحیح مسلم کی گراں قدر خدمت کی ہے...... ۲۴۲ صفحات پر مشتمل یہ مفصل اشاریہ قارئین شرح صحیح مسلم کی تلاش مسائل میں مدد کرے گا...... فرید بک اسٹال نے اس اشاریہ کو بڑی تقطیع پر شرح صحیح مسلم کے سائز میں خوبصورت اور مجلد شائع کیا ہے...... اور اسے شرح صحیح مسلم کی آٹھ جلدوں کے بعد نویں جلد شمار کیا ہے...... اور اس کی قیمت صرف ۲۵۰ روپے رکھی ہے...... کتاب ہر معروف مکتبہ وکتب فروش سے حاصل کی جاسکتی ہے...... کتاب اور مرتب کے بارے میں تفصیلی معلومات کتاب پر موجود تعارف اور تقاریظ سے مل سکتی ہیں......



© rasailojaraid.com